روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 12 جولائی 2008ء 8 رجب 1429 ہجری 12 وفا 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 158

کوئی جبر نہیں

موسیو اوجین کلوفل لکھتے ہیں کہ:۔

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے تمام دنیا کو فتح کرنا اور اسلام کا بول بالا کرنا چاہا۔ مگر غیر مذاہب والوں پر کسی طرح کا جبر وستم کرنا روا نہیں رکھا۔ ان کو مذہب اور رائے کی آزادی عطا کی اور ان کے تمدنی حقوق قائم رکھے۔

(اسلام اور علمائے فرنگ بحوالہ برگزیدہ رسول غیروں میں مقبول صفحہ11)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جب تک خود خدائے تعالیٰ اپنے موجود ہونے کو اپنے کلام سے ظاہر نہ کرے جیسا کہ اس نے اپنے کلام سے ظاہر کیا تب تک صرف کام کا ملاحظہ تسلی بخش نہیں ہے۔ مثلاً اگر ہم ایک ایسی کوٹھڑی کو دیکھیں جس میں یہ بات عجیب ہو کہ اندر سے کنڈیاں لگائی گئی ہیں تو اس فعل سے ہم ضرور اول یہ خیال کریں گے کہ کوئی انسان اندر ہے جس نے اندر سے زنجیر کو لگایا ہے کیونکہ باہر سے اندر کی زنجیروں کو لگانا غیر ممکن ہے۔ لیکن جب ایک مدت تک بلکہ برسوں تک باوجود بار بار آواز دینے کے اس انسان کی طرف سے کوئی آواز نہ آوے تو آخر یہ رائے ہماری کہ کوئی اندر ہے بدل جائے گی۔ اور یہ خیال کریں گے کہ اندر کوئی نہیں بلکہ کسی حکمت عملی سے اندر کنڈیاں لگائی گئی ہیں۔ یہی حال ان فلاسفروں کا ہے۔ جنہوں نے صرف فعل کے مشاہدہ پر اپنی معرفت کو ختم کر دیا ہے۔ یہ بڑی غلطی ہے جو خدا کو ایک مردہ کی طرح سمجھا جائے جس کو قبر سے نکالنا صرف انسان کا کام ہے اگر خدا ایسا ہے جو صرف انسانی کوشش نے اس کا پتہ لگایا ہے تو ایسے خدا کی نسبت ہماری سب امیدیں عبث ہیں۔ بلکہ خدا تو وہی ہے۔ جو ہمیشہ سے اور قدیم سے آپ انا الموجود کہہ کر لوگوں کو اپنی طرف بلاتا رہا ہے۔ یہ بڑی گستاخی ہوگی کہ ہم ایسا خیال کریں کہ اس کی معرفت میں انسان کا احسان اس پر ہے اور اگر فلاسفر نہ ہوتے تو گویا وہ گم کا گم ہی رہتا اور یہ کہنا کہ خدا کیونکر بول سکتا ہے کیا اس کی زبان ہے؟ یہ بھی ایک بڑی بے باکی ہے۔ کیا اس نے جسمانی ہاتھوں کے بغیر تمام آسمانی اجرام اور زمین کو نہیں بنایا۔ کیا وہ جسمانی آنکھوں کے بغیر تمام دنیا کو نہیں دیکھتا۔ کیا وہ جسمانی کانوں کے بغیر ہماری آوازیں نہیں سنتا۔ پس کیا ضروری نہ تھا کہ اسی طرح وہ کلام بھی کرے۔ یہ بات ہرگز صحیح نہیں ہے کہ خدا کا کلام کرنا آگے نہیں بلکہ پیچھے رہ گیا ہے ہم اس کے کلام اور مخاطبات پر کسی زمانہ تک مہر نہیں لگاتے۔ بے شک وہ اب بھی ڈھونڈنے والوں کو الہامی چشمہ سے مالا مال کرنے کو تیار ہے جیسا کہ پہلے تھا اور اب بھی اس کے فیضان کے ایسے دروازے کھلے ہیں جیسے کہ پہلے تھے۔ ہاں ضرورتوں کے ختم ہونے پر شریعتیں اور حدود ختم ہوگئیں۔ اور تمام رسالتیں اور نبوتیں اپنے آخری نقطہ پر آکر جو ہمارے سید و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود تھا۔ کمال کو پہنچ گئیں۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد10 ص 366)

امتحان داخلہ جامعہ احمدیہ ربوہ

امسال داخلہ جامعہ احمدیہ ربوہ کا تحریری امتحان مورخہ 11/ اگست 2008ء کو ہوگا۔

تمام امیدواران امتحان کیلئے صبح 8:00 بجے وکالت تعلیم تحریک جدید میں پہنچ جائیں۔ جونہی میٹرک / ایف اے کا رزلٹ ملے فوری طور پر وکالت تعلیم کو اس کی اطلاع کریں۔ امتحان کے وقت سند / رزلٹ کارڈ / سکول / کالج کا سرٹیفکیٹ اصل اور تصدیق شدہ فوٹو کاپی ساتھ لائیں۔

فون نمبر: 047-6211082
فیکس نمبر: 047-6212296

(وکیل التعلیم)

ماہر امراض معدہ و جگر کی آمد

مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ و جگر مورخہ 13 جولائی 2008ء کو ایڈمنسٹریشن بلاک میں بوقت صبح 10:00 بجے مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ احباب و خواتین پرچی روم سے اپنی رجسٹریشن کروا لیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

دارالصناعۃ میں خالی آسامیاں

دارالصناعۃ آٹو ورکشاپ میں مندرجہ ذیل آسامیاں خالی ہیں۔ خواہشمند احباب صدر صاحب محلّہ کی تصدیق کے ساتھ درخواستیں ایوان محمود ربوہ میں جمع کروائیں۔ تجربہ رکھنے والے احباب و ڈپلومہ ہولڈرز کو ترجیح دی جائے گی۔

1۔ آٹو الیکٹریشن 2۔ آٹو پینٹر
3۔ ڈینٹر

(نگران دارالصناعۃ)

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔ آمین

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی (حالات اور خدمات)

نمبر 1

سوال: سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب کی ولادت کب ہوئی۔

جواب: 12 جنوری 1889ء بروز ہفتہ سیدنا حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب کی ولادت ہوئی۔

سوال: حضور کا عقیقہ کب ہوا۔

جواب: 18 جنوری 1889ء بروز جمعہ۔

سوال: حضرت مسیح موعود کے دعویٰ میسحیت کے بعد آپ نے پہلا سفر کب اور کہاں کا کیا۔

جواب: 3 مارچ 1891ء کو پہلا سفر لدھیانہ کا کیا۔

سوال: تعلیم القرآن کی ابتدا کب ہوئی اور قرآن کریم ناظرہ کن سے پڑھا۔

جواب: 1895ء میں حضور کی تعلیم القرآن کی ابتدا ہوئی۔ حافظ احمد اللہ صاحب نے آپ کو قرآن کریم ناظرہ پڑھایا۔

سوال: آپ کی تقریب ختم قرآن کب ہوئی۔

جواب: 7 جون 1897ء کو حضور کے ختم قرآن کے موقع پر یادگار تقریب ہوئی۔ حضرت مسیح موعود نے اس موقعہ پر ایک نظم بعنوان ''محمود کی آمین'' لکھی۔

سوال: آپ نے مدرسہ تعلیم الاسلام میں کب داخلہ لیا۔

جواب: 1898ء میں۔

سوال: آپ کا پہلا فوٹو کب لیا گیا۔

جواب: 1899ء میں حضرت مسیح موعود اور رفقاء کے ساتھ آپ کا پہلا فوٹو لیا گیا۔

سوال: آپ نے انجمن تشحیذ الاذہان کی بنیاد کب رکھی۔

جواب: 1900ء میں۔

سوال: آپ نے پہلا روزہ کب رکھا۔

جواب: 1901ء میں۔

سوال: آپ کا پہلا نکاح کب اور کس سے ہوا۔

جواب: اکتوبر 1902ء میں حضور کا پہلا نکاح حضرت سیدہ محمودہ بیگم صاحبہ المعروف ''اُم ناصر'' بنت حضرت خلیفہ رشید الدین صاحب سے ہوا۔

سوال: حضرت اُم ناصر صاحبہ (زوجہ حضرت مصلح موعود) کا رخصتانہ کب ہوا۔

جواب: اکتوبر 1903ء۔

سوال: آپ نے میٹرک کا امتحان کب اور کہاں دیا۔

جواب: مارچ 1905ء میں امرتسر میں۔

سوال: آپ کو پہلا الہام کب ہوا۔

جواب: 1905ء میں۔

سوال: صدر انجمن احمدیہ کی مجلس معتمدین میں بطور ممبر نامزدگی کب ہوئی۔

جواب: جنوری 1906ء میں۔

سوال: رسالہ تشحیذ الاذہان کا اجرا کب اور کس کی ادارت میں ہوا۔

جواب: مارچ 1906ء میں حضرت مصلح موعود کی ادارت میں ہوا۔

سوال: حضرت مصلح موعود کے پہلے فرزند کی ولادت کب ہوئی۔

جواب: 26 مئی 1906ء کو صاحبزادہ مرزا نصیر احمد صاحب پیدا ہوئے اور جلد ہی فوت ہو گئے۔

سوال: آپ نے کس جلسہ سالانہ میں پہلی تقریر فرمائی۔

جواب: دسمبر 1906ء کے جلسہ سالانہ میں۔

سوال: سورۃ فاتحہ کی تفسیر آپ کو کب سکھائی گئی۔

جواب: 1907ء میں ایک فرشتہ نے رؤیا میں آپ کو سورۃ فاتحہ کی تفسیر سکھائی۔

سوال: آپ نے حضرت مسیح موعود کے ہمراہ آخری سفر کب اور کہاں کا کیا۔

جواب: 27 اپریل 1908ء کو حضرت مسیح موعود کے ہمراہ آخری سفر لاہور کا کیا۔

تعارف کتاب

اوڑھنی والیوں کے لئے پھول جلد سوم حصہ اول

(ارشادات سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللّٰہ تعالیٰ)

نام کتاب:۔ الازھار لذوات الخمار یعنی اوڑھنی والیوں کے لئے پھول۔

مرتبہ:۔ لجنہ اماء اللہ پاکستان

تاریخ اشاعت:۔ مئی 2008ء

ناشر:۔ شیخ طارق محمود پانی پتی

لجنہ اماء اللہ پاکستان نے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے 2003ء تا 2005ء میں لجنہ اماء اللہ سے خطابات کو کتابی صورت میں شائع کرنے کی توفیق پائی ہے۔ اس کتاب میں ان خطبات کے علاوہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے جو خطبات جمعہ میں مستورات کو مخاطب فرمایا ان میں سے اقتباسات اکٹھے کر دیئے گئے ہیں۔ جن میں حضور انور نے احمدی مستورات کو دعوت الی اللہ، بچوں کی تربیت خلافت کے ساتھ اخلاص و محبت کا تعلق رکھنے کی طرف توجہ مبذول فرمائی اور بعض احمدی مستورات کے نیک نمونہ کا ذکر بھی فرمایا ہے۔ نیز بعض ایسے خطبات جمعہ بھی شامل اشاعت ہیں جن میں حضور انور نے جماعت احمدیہ کو عبادات کے قائم کرنے، بیوت الذکر کی تعمیر، گھروں کے ماحول میں آئندہ نسلوں کی نیک تربیت کے لئے اپنے کردار ادا کرنے اور مالی قربانی کرنے کی طرف توجہ دلائی ہے۔ اس طرح یہ کتاب خلیفہ وقت کی زبان سے نکلے ہوئے پُر اثر الفاظ میں جماعت کی تربیت میں اچھا اور مفید کردار ادا کر سکتی ہے۔

ان خطابات اور خطبات میں درج ذیل مضامین پر حضور انور کے روح پرور ارشادات شامل ہیں۔

☆ خلیفہ وقت سے اطاعت کا تعلق۔ ☆ عبادات کے قائم کرنے کی ضرورت و اہمیت۔ ☆ مالی قربانی خاص طور پر زیور پر زکوٰۃ کی ادائیگی۔ ☆ بچوں کی تربیت کی خاطر خود بھی تقویٰ اختیار کریں۔ ☆ پردہ اختیار کریں۔ ☆ مغربی معاشرہ کے اثرات سے بچیں۔ ☆ شادی کے بعد گھروں میں تلخیاں پیدا نہ ہونے دیں۔ ☆ دینی تعلیم سے عورتوں کو بھی آراستہ کریں۔ ☆ بچوں کی عزت کا خیال رکھیں مگر زیادہ لاڈ پیار نہ کریں جو کہ ان کی تربیت بگاڑ دے۔ ☆ عورت کے عظیم مقام کو سمجھیں اسے معاشرہ میں قائم کریں اور معاشرے کو جنت نظیر بنا دیں۔ ☆ اپنے کردار اور عمل سے ثابت کر دیں کہ دین حق نے عورتوں کو بلند مقام دیا ہے۔ ☆ سچائی کو اختیار کریں۔ ☆ اپنے اندر عاجزی پیدا کریں۔ ☆ انٹرنیٹ کا صحیح استعمال کریں اور اس کی برائیوں سے بچنے کی بھرپور کوشش کریں۔ ☆ دوسروں کی برائی کو اچھالنے سے بچیں ☆ واقفین نو بچوں کو زبانیں اور علوم سکھانے کی طرف توجہ کریں۔ ☆ تعدد ازواج کے متعلق حقیقی تعلیم اور حقوق نسواں کی حقیقت۔ ☆ حیا کے قائم کرنے اور عصمت کی حفاظت کے لئے اعلیٰ کردار اپنائیں۔ ☆ تعویذ گنڈوں سے بچیں۔ ☆ حسد سے بچیں۔ ☆ اپنے عہد کی حفاظت کریں۔ ☆ عیادت مریض کے خلق کو بھی اپنائیں۔ ☆ مظلوم اور بے سہارا عورتوں کے حقوق دلوانے کی کوشش کریں۔ ☆ لباس میں حیا کے پہلو کو اختیار کریں۔ ☆ اپنے ہاتھ سے ظلم کو روکیں۔ ☆ جھوٹ کے خلاف جہاد کریں۔ ☆ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ خدا پر یقین اور توکل بڑھائیں اور ہر قسم کے شرک سے پرہیز کرتے ہوئے اس کے قرب کو تلاش کریں اور دعائیں کرتے ہوئے اپنی اور آئندہ نسلوں کی حفاظت کے سامان پیدا کریں۔

مستورات کی تعلیم و تربیت کی اہمیت کے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے 28/ اپریل 2005ء کو کینیا کے جلسہ سالانہ پر لجنہ کو ہدایات سے نوازتے ہوئے فرمایا۔

''پھر ایک اور اہم چیز ہے جس کی طرف بہت توجہ کی ضرورت ہے وہ ہے عورتوں کی تربیت۔ اگر عورتوں کی تربیت نہ کی یا ان کو بھی دین سے اسی طرح آشنا کروانے کی کوشش نہ کی جس طرح مرد خود اپنے لئے توجہ کرتے ہیں تو پھر آئندہ نسلوں کی تربیت کی ضمانت نہیں ہوتی، اس لئے اس طرف بہت توجہ کریں۔ تیسری دنیا کے ملکوں میں کم علمی کی وجہ سے مردوں میں یہ خیال پیدا ہو جاتا ہے کہ عورتوں کو دین سکھانے کی کیا ضرورت ہے۔ یا دنیاوی علم زیادہ پڑھانے کی کیا ضرورت ہے۔ بعض امیر خاندانوں کی عورتیں دنیاوی علم تو حاصل کر لیتی ہیں لیکن دینی تعلیم سے بالکل ناواقف ہوتی ہیں۔ اگر یہ صورت حال احمدی عورت میں بھی رہی تو آپ کی آئندہ نسلیں صحیح تربیت یافتہ نہیں ہوں گی۔ نہ وہ دنیا کے کام آسکیں گے نہ ہی ملک کے لئے فائدہ مند ہوں گی۔ اس لئے اگر انقلابی ترقی کرنی ہے دین میں بھی اور دنیا میں بھی اگر آپ لوگوں نے آئندہ دنیا کا لیڈر بننا ہے تو پھر اپنی عورتوں کو دینی و دنیاوی تعلیم سے آراستہ کریں۔

احمدی عورت کا مقام بہت بلند ہے۔ اپنے بچوں کی تربیت کی طرف خاص توجہ دیں۔ ان کے لئے ایسا ماحول پیدا کریں کہ وہ دینی علم بھی حاصل کریں اور دنیاوی پڑھائی کی طرف بھی توجہ دیں۔ ہر احمدی بچے کو خواہ وہ لڑکا ہے یا لڑکی تعلیم کے میدان میں آگے آنا چاہئے۔ غربت کی وجہ سے پڑھائی نہیں چھوڑنی چاہئے، جماعت اس کا انتظام کرے اور خیال رکھے۔

(ص234)

(باقی صفحہ 11 پر)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

7

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ کینیڈا

انتظامات جلسہ کامعائنہ، خطبہ جمعہ، پیس ویلج کی سیر اور ملاقاتیں

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

26 جون 2008ء

صبح ساڑھے چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی اور نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے اور ڈاک بھی ملاحظہ فرمائی۔

ڈیڑھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت میں تشریف لاکر ظہر وعصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔

سائیکل سواروں سے ملاقات

نمازوں کی ادائیگی کے بعد جب حضور انور بیت سے باہر تشریف لائے تو مانٹریال اور آٹوہ سے آنے والے ان چار خدام اور ایک ناصر نے حضور انور سے شرف مصافحہ حاصل کیا جو 376 کلومیٹر کا سائیکل سفر طے کر کے جلسہ میں شامل ہونے کے لئے پہنچے تھے۔ حضور انور کے دریافت کرنے پر انہوں نے بتایا کہ پہلے دن 110 کلومیٹر سفر طے کیا اور آخری دن 48 کلومیٹر کیا۔ مجموعی طور پر فی گھنٹہ اوسط 17 کلومیٹر رہی ہے۔ کیونکہ راستہ میں بعض علاقے پہاڑی ہیں جس وجہ سے رفتار کم ہو جاتی تھی۔ ان خدام نے حضور کے ساتھ تصویر بنوائی۔ بعدازاں حضور انور رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

چلڈرن کلاس

پروگرام کے مطابق چھ بجے واقفین نو بچوں کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ چلڈرن کلاس شروع ہوئی۔ جب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کلاس میں تشریف لائے تو بچوں کا ایک گروپ کورس کی صورت میں نظم اھلاً وسھلاً ومرحبا پڑھ رہا تھا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو عزیزم سلیمان قریشی نے پیش کی اور بعدازاں اس کا انگریزی زبان میں ترجمہ پیش کیا۔ بعدازاں عزیزم سرمد نوید نے حضرت مسیح موعود کا منظوم کلام

ہے شکر رب عز و جل خارج از بیاں
جس کے کلام سے ہمیں اس کا ملا نشاں

پیش کیا اور بعدازاں اس کا انگریزی زبان میں ترجمہ پیش کیا۔

اس کے بعد حضور انور نے فرمایا کہ جو بچے 15 سال سے اوپر ہیں وہ کھڑے ہو جائیں۔ حضور انور نے دریافت فرمایا کہ کیا انہوں نے اپنے وقف فارم پُر کر دیئے ہیں۔ سیکرٹری صاحب نے بتایا کہ ان کے تمام سنٹرز میں بھیج دیئے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا جو مربی بننا چاہتے ہیں اور جامعہ میں جانا چاہتے ہیں وہ ہاتھ کھڑا کریں۔ اس پر جامعہ جانے والے بچوں نے اپنے ہاتھ بلند کئے۔

بعدازاں حضور نے فرمایا کسی نے کوئی سوال پوچھنا ہے تو پوچھ لے۔

ایک بچے نے سوال کیا کہ حضور! آپ کتنے ممالک میں گئے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ کافی ممالک میں گیا ہوں ابھی دو ماہ پہلے افریقہ کے تین ممالک غانا، بینن اور نائیجیریا گیا تھا۔

ایک بچے نے سوال کیا آپ مختلف ممالک میں گئے ہیں آپ کو کیسے لگا۔ حضور انور نے فرمایا میں افریقہ میں غانا میں رہا ہوں۔ وہاں جا کر ایسا لگتا ہے کہ اپنے ملک میں رہ رہا ہوں۔ وہاں اچھے بچے ہیں، اچھے لوگ ہیں۔ حضور انور نے فرمایا آپ نے افریقہ کا جلسہ دیکھا ہے۔ ان کے بچوں کو شوق ہے۔ کئی بچے میری گاڑی کے ساتھ کئی میل دوڑتے رہے ہیں۔

ایک بچے کے سوال پر کہ آپ کینیڈا میں کیا پسند کریں گے۔ حضور انور نے فرمایا آپ لوگ نماز نہ چھوڑیں، روزانہ قرآن کریم پڑھا کریں اور اس کی تلاوت کیا کریں۔ قرآن کریم کا ترجمہ سیکھیں، ترجمہ سیکھ کر پھر دیکھیں کہ اس میں کون کون سے حکم ہیں۔ ان پر عمل کریں۔ دنیا کی طرف زیادہ نہ دیکھیں، جنہوں نے ڈاکٹرز، ٹیچرز، وکیل بننا ہے یا کسی اور شعبہ میں جانا ہے تو ان لوگوں کو بھی دینی علم آنا چاہئے اور جو خواہشات ہیں وہ بنیادی نہیں ہونی چاہئیں۔ صبر ہونا چاہئے اور قناعت کو اختیار کریں۔

اس سوال پر کہ کینیڈا کا دورہ کیسا لگ رہا ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ اچھا لگ رہا ہے، امید ہے جلسے کا انتظام اچھا ہوگا۔

ایک بچے کے سوال کے جواب پر حضور انور نے فرمایا خدا تعالیٰ کو نہ امیر پسند ہے نہ غریب نہ کالا نہ گورا، جو نیک اور متقی ہوگا وہ پسند ہے۔ مجھے بھی وہی پسند ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کی پسند۔ ہر جماعت نیکی میں بڑھنے والی ہو۔

ایک بچے نے سوال کیا کہ میں ڈاکٹر بننا چاہتا ہوں، مجھے کوئی نصیحت کریں۔ اس پر حضور انور نے فرمایا کہ دعاؤں اور نمازوں کی طرف توجہ دیں۔

ایک بچے نے سوال کرنے سے قبل حضور انور کے قریب آکر حضور انور کے گھٹنے کو ہاتھ لگایا اس پر حضور انور نے فرمایا کہ نئی بدعتیں نہ ڈالیں۔ میں دیکھنا چاہتا ہوں کہ تم نیک بنو، تلاوت کرنے والے ہو، نمازیں پڑھنے والے ہو، قرآن کریم کا ترجمہ سیکھنے والے ہو اور تمہاری توجہ دین کی طرف ہو دنیا کی طرف نہ ہو۔

ایک بچے کے سوال پر حضور انور نے فرمایا کہ نماز وقت پر ادا کرنے کی کوشش کریں۔ الارم لگا کر سویا کریں اور وقت پر بیدار ہوں، اگر کسی وجہ سے اٹھ نہیں سکے تو خواہ دیر سے اٹھیں لیکن نماز ضرور پڑھنی ہے۔

اس کلاس میں پانچ صد کی تعداد میں واقفین نو بچے شامل ہوئے اور سات سال سے کم عمر کے بچے اپنے والدین کے ساتھ بیت کے اوپر والے حصہ میں بیٹھے ہوئے تھے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ان پانچ صد بچوں کو اپنے دست مبارک سے تحائف عطا فرمائے۔ ساتھ ساتھ تصاویر بنائی جارہی ہیں۔ چھ بج کر پینتالیس منٹ پر یہ کلاس ختم ہوئی۔

واقفات نو کی کلاس

واقفین نو بچوں کی کلاس کے بعد واقفات نو بچیوں کی کلاس حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے ساتھ بیت کے نچلے حصہ میں جو خواتین کے لئے مخصوص ہے شروع ہوئی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ جب کلاس کے لئے تشریف لائے تو بچیوں کا ایک گروپ حضور انور کو خوش آمدید کہنے کے لئے نظم اھلاً وسھلاً ومرحبا پڑھ رہی تھیں۔

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ اس کے بعد ایک بچی نے نعتیہ کلام ع

بدرگاہ ذی شان خیر الانام

خوش الحانی سے پڑھ کر سنایا۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دریافت فرمایا کہ اس وقت یہاں کل کتنی بچیاں ہیں۔ منتظمات نے حضور انور کو بتایا کہ چھ صد کے قریب ہیں اور سات سال سے کم عمر کی بچیوں کی تعداد اڑھائی صد کے قریب ہے، جوان کے علاوہ ہیں۔

حضور انور نے دریافت فرمایا کہ 15 سال سے اوپر کی بچیاں کتنی ہے اور کیا وہ آئندہ وقف کرنے کے لئے تیار ہیں۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تمام واقفات نو بچیوں کو تحائف عطا فرمائے۔ بچیوں کی یہ کلاس پونے آٹھ بجے اپنے اختتام کو پہنچی۔

تقریب آمین

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت کے مردانہ حصہ میں تشریف لے آئے اور ''تقریب آمین'' شروع ہوئی۔ آمین کی تقریب میں شامل ہونے والے بچوں اور بچیوں کی تعداد 190 تھی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہر بچے اور بچی سے قرآن کریم کی ایک ایک آیت سنی اور آخر پر دعا کروائی۔ آمین کی یہ تقریب قریباً ڈیڑھ گھنٹہ جاری رہی۔

انتظامات جلسہ کا معائنہ

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جلسہ سالانہ کی ڈیوٹیوں کے افتتاحی تقریب کے لئے تشریف لے گئے۔ افتتاحی تقریب کا اہتمام بیت سے ملحقہ احاطہ میں کیا گیا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا بعض دوسرے پروگراموں پر زیادہ وقت صرف ہونے کی وجہ سے اب وقت بہت کم رہ گیا ہے۔ اس لئے دعا کر لیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دعا کروائی جس کے ساتھ باقاعدہ ڈیوٹیوں کا افتتاح عمل میں آیا۔

دعا کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کچھ دیر کے لئے لجنہ کے حصہ میں تشریف لے گئے جہاں لجنہ کی ڈیوٹی دینے والی کارکنات جمع تھیں۔ حضور انور نے سب کو السلام علیکم کہا اور شرف زیارت عطا فرمایا۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز لنگر خانہ کے معائنہ کے لئے تشریف لے گئے۔ کھانا پکانے کے لئے لنگر خانہ کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی تشریف آوری پر لنگر خانہ کے تمام کارکنان نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کرتے ہوئے حضور انور کو خوش آمدید کہا۔

حضور انور باری باری تینوں لنگر خانوں میں تشریف لے گئے اور آلو گوشت چیک کیا اور فرمایا دو لنگر خانوں میں سالن اچھا پکا ہوا ہے جبکہ ایک میں ابھی گوشت اور آلو پوری طرح پکے نہیں۔ کمی رہ گئی ہے۔ حضور انور نے اس لنگر خانہ کے منتظم کو ہدایت فرمائی کہ آہستہ آگ پر پکایا کریں۔

لنگر خانہ کے ایک کارکن نے درخواست کی کہ حضور انور اس کے لباس پر دستخط فرما دیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت اس کے لباس پر جو اس نے کھانا پکانے کے لئے اپنی قمیص کے اوپر پہنا ہوا تھا دستخط فرمائے۔

لنگر خانہ کے انچارج امتیاز حسین صاحب نے گزشتہ سالوں کی کوشش کے بعد دس خدام کو کھانا پکانے کی ٹریننگ دی ہے۔ ان کی خواہش تھی کہ ہر نوجوان کو ایک ایک عدد کڑچھا تحفہ میں دیں اس کے لئے انہوں نے سپیشل کڑچھے تیار کروائے تھے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ان کی درخواست پر ان کڑچھوں پر ہاتھ پھیرا اور دعا کی۔

لنگر خانہ کے منتظمین سے حضور انور نے دریافت

فرمایا کہ آج کتنے افراد کے لئے کھانا تیار کیا ہے۔ منتظمین نے بتایا کہ چھ ہزار افراد کے لئے ہے۔

لنگر خانہ کے معائنہ کے بعد پونے دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت میں تشریف لا کر نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز صاحبزادہ مرزا احسن احمد کے گھر تشریف لے گئے۔ پونے گیارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز واپس اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے آئے۔

27 جون 2008ء

صبح ساڑھے چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز فجر بیت میں پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی اور مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

آج جماعت احمدیہ کینیڈا کے بتیسویں جلسہ سالانہ کا آغاز ہو رہا تھا۔ امسال جماعت احمدیہ کینیڈا کا یہ جلسہ سالانہ ''صد سالہ خلافت جوبلی'' کا جلسہ سالانہ تھا۔ جس میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بنفس نفیس شرکت فرما رہے تھے۔

جلسہ گاہ

جلسہ سالانہ کے انعقاد کے لئے جماعت کینیڈا نے ''انٹرنیشنل سنٹر'' میں بعض بڑے وسیع وعریض ہالز حاصل کئے ہوئے تھے۔ یہ انٹرنیشنل سنٹر شہر ٹورانٹو کے جنوب مغرب میں واقع مسی ساگا شہر اور ٹورانٹو ایئر پورٹ کے نزدیک ایک بہت وسیع وعریض نمائش گاہ ہے۔ اس میں پانچ بڑے وسیع ہال اور متعدد چھوٹے ہال اور دفاتر اور دیگر تمام سہولتیں موجود ہیں۔

اس سنٹر کے ہال نمبر 5 میں مردانہ جلسہ گاہ جبکہ ہال نمبر 3 میں لجنہ جلسہ گاہ بنائی گئی تھی جبکہ ہال نمبر 4 میں مرد احباب کے لئے اور ہال نمبر 2 میں خواتین کے لئے کھانے کا انتظام کیا گیا تھا۔

ان ہالز میں مختلف جگہوں پر جلسہ سالانہ کے مختلف شعبہ جات کے دفاتر تھے۔ کتابوں کی نمائش کا سٹال جلسہ گاہ والے ایئر کنڈیشن ہال میں لگایا گیا تھا۔ سٹیج کو بڑی خوبصورتی سے سجایا گیا تھا اور اس کے پیچھے ''صد سالہ خلافت جوبلی'' کے لوگو پر مشتمل ایک بڑا بینر لگایا گیا تھا۔ ہال کی دیواروں پر بھی مختلف بینرز سجے ہوئے تھے۔ ہال کے دونوں جانب کرسیاں رکھی گئی تھیں۔ جبکہ درمیان میں نرم کارپٹ بچھا کر نیچے زمین پر بیٹھنے کا انتظام کیا گیا تھا۔

مردانہ جلسہ گاہ جس میں نماز جمعہ کا انتظام کیا گیا تھا، اس ہال کا رقبہ ایک لاکھ مربع فٹ ہے اور اس ہال میں 15 ہزار کے قریب آدمی نماز ادا کر سکتے ہیں۔

پرچم کشائی

دوپہر دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز احمدیہ پیس ویلج سے جلسہ گاہ انٹرنیشنل سنٹر کے لئے روانہ ہوئے۔ دو بجکر پچیس منٹ پر حضور انور جلسہ گاہ پہنچے۔ جہاں سب سے پہلے پرچم کشائی کی تقریب ہوئی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے لوائے احمدیت لہرایا۔ جبکہ امیر جماعت کینیڈا نے کینیڈا کا قومی پرچم لہرایا۔ اس کے بعد حضور انور نے دعا کروائی۔

حضور انور کی آمد کے ساتھ ہی MTA کی Live نشریات شروع ہو چکی تھیں۔ پرچم کشائی کی تقریب Live نشر ہوئی۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ہال کے اندر تشریف لے گئے اور خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔

خطبہ جمعہ

تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور نے فرمایا کہ آج میرے اس خطبے کے ساتھ جماعت احمدیہ کینیڈا کا جلسہ سالانہ شروع ہو رہا ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ ایک لمبے عرصہ سے جلسوں کے انعقاد کی وجہ سے جو دنیا کے ہر ملک میں ہوتے ہیں جہاں جماعت قائم ہے، ان جلسوں کے مقصد اور روایات سے اچھی طرح واقف ہو چکی ہے۔ جبکہ MTA نے تو ہر احمدی کو دنیا کے ہر ملک سے جلسوں کے نظارے دکھا کر ایک وحدت میں پرو دیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جماعت کا مزاج دنیا کے ہر خطے اور ہر قوم میں آپ کو ایک جیسا نظر آئے گا اور وہ ہے نیکیوں میں آگے بڑھنے اور اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنے کی کوشش اور جب تک کسی بھی احمدی میں یہ کوشش جاری رہے گی وہ جماعت کا ایک فعال رکن بنا رہے گا۔ ان کے چہروں پر وہ آثار نظر آئیں گے جو اللہ تعالیٰ کی طرف قدم بڑھانے والے لوگوں میں نظر آتے ہیں اور نظر آنے چاہئیں۔ ایسے مومنوں کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تو انہیں رکوع کرتے ہوئے اور سجدہ کرتے ہوئے دیکھے گا۔ اس قسم کے عبادالرحمٰن پیدا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو مبعوث فرمایا۔ آپ نے اپنی جماعت کو ایسے مومن بننے کی طرف توجہ دلائی جو خدا کی راہ میں حقیقی مومن ہیں۔

حضور انور نے فرمایا حقیقی مومن جن کی غرض خدا تعالیٰ کی عبادت کرنا ہے۔ خدا تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو عطا فرمائے ہیں۔ ہمارے سجدے اور ہماری عبادتیں اس معیار پر ہونی چاہئیں کہ جن سے خدا تعالیٰ کا قرب حاصل ہو۔ ہماری عبادتیں صرف کھوکھلی عبادتیں نہ ہوں۔ اسی مقصد کے حصول کے لئے حضرت مسیح موعود نے جلسوں کا سلسلہ شروع کیا۔ جب تک کہ دل فروتنی کا سجدہ نہ کرے ظاہری سجدہ ہیچ ہے۔ دل کا قیام رکوع اور سجدہ ہونا چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا ہمیں ان دنوں میں فروتنی کے سجدوں کی تلاش کرنی چاہئے تاکہ ہماری عبادتوں کے معیار بلند ہوتے چلے جائیں۔ انسان کو خدا تعالیٰ نے وہ خواص اور قویٰ عطا فرمائے جو کسی دوسری جاندار مخلوق کو نہیں دیئے گئے۔ خدا تعالیٰ کی رضا کے راستے میں اس کے عبادت گزار بندے بننا اور نیک اعمال بجالانا ہیں۔ انسان کی پیدائش کا مقصد اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں تمہارے پیدا کرنے سے خدا کا مقصد اس کی عبادت ہے اور یہ کہ تم اللہ کے بن جاؤ اور دنیا مقصود بالذات نہ ہو۔ اپنے تمام کاموں کو دیکھ لو کہ ان میں خدا تعالیٰ کی رضا مقصود ہو۔ انسان کی پیدائش کی غرض اللہ کا قرب اور عرفان ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسانی فطرت میں عبادت رکھی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں متعدد جگہوں پر اس کا ذکر کیا ہے۔ جب اللہ کی تخلیق پر ایک عابد بندہ فکر کرتا ہے تو مزید خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرتا ہے۔ آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات دن کے آگے پیچھے آنے میں عقلمندوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

حضور انور نے فرمایا ڈاکٹر عبدالسلام صاحب نے بھی اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرتے ہوئے اپنی تحقیق میں قرآن کریم کی آیت سے رہنمائی حاصل کی۔ پڑھنے والے نوجوان خدا تعالیٰ سے مدد مانگیں تو زیادہ فہم اور ادراک حاصل ہوگا۔ اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتا ہے کہ ہماری آیتوں پر وہی لوگ ایمان لاتے ہیں جو سجدہ کرتے ہوئے زمین پر گر جاتے ہیں۔ جتنا ایک مومن قرآن کریم کی تعلیم، خدائی تخلیق، کائنات پر غور کرتا ہے تو وہ اپنے پیدا کرنے والے کو پہچانتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا ہمیں خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لئے اسی کے آگے جھکنے کی ضرورت ہے۔ عبادت کی ضرورت ہے۔ عبادت میں سب سے اول نماز ہے۔ انسان ہر قسم کی ملونی اور شرک سے پاک ہو جائے۔ بہت توبہ استغفار کرے اور خدا تعالیٰ سے سچا تعلق پیدا کرے۔ یہی نماز کا خلاصہ ہے۔

حضور انور نے فرمایا جو خدا کے ہوتے ہیں خدا ان کا ہوتا ہے اور ہر ایک میدان میں ان کو نصرت عطا کرتا ہے۔ آج خدا تعالیٰ نے اپنے عبادت گزار بندوں سے خلافت کی نعمت کا وعدہ کیا ہے۔ خلافت سے وہی لوگ فیض پائیں گے جو حقیقی عبادت گزار بندے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ عبادت گزاروں کے لئے، خلافت کے ذریعہ تمکنت دین کے سامان کرتا چلا جائے گا۔

حضور انور نے فرمایا 27 مئی کو خلافت جوبلی کے حوالہ سے سب جگہ جماعتوں نے پروگرام بنائے جو خلافت احمدیہ سے محبت کی علامت تھے بلکہ خلافت سے محبت کی ایک چنگاری تھی۔ اس چنگاری کو شعلوں میں بدلنے کی کوشش کریں۔ پھر ان شعلوں کو آسمان تک پہنچانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ یہی طریقہ ہے کہ خدا تعالیٰ کا قرب حاصل ہو۔ ہر ایک اپنے خدا سے اپنے سجدوں میں یہ عہد کرے کہ ہم اس نئے عہد کو ہمیشہ نبھائیں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ آج کا یہ جلسہ بھی ہر ایک کو عبادت کی طرف توجہ دلانے والا ثابت ہو۔ اللہ تعالیٰ ہر احمدی کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔

خطبہ جمعہ کے بعد سوا تین بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز جمعہ وعصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد تین بجکر چالیس منٹ پر حضور انور جلسہ گاہ سے احمدیہ پیس ویلج کے لئے روانہ ہوئے اور سوا چار بجے پیس ویلج پہنچے اور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ MTA کے ذریعہ ساری دنیا میں براہ راست نشر کیا گیا۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جہاں کینیڈا کی تمام جماعتوں سے احباب جماعت ہزارہا میل کے بڑے لمبے سفر طے کر کے صد سالہ خلافت جوبلی کے اس تاریخ ساز جلسہ میں شمولیت کے لئے پہنچے ہیں۔ وہاں امریکہ سے بھی احباب بڑی تعداد میں جلسہ میں شمولیت کے لئے پہنچے ہیں اور بڑے لمبے فاصلے طے کر کے آئے ہیں۔

نماز جمعہ وعصر کی ادائیگی کے بعد جلسہ سالانہ کینیڈا کے اجلاس اول کی کارروائی جاری رہی۔

بعد سہ پہر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

پیس ویلج کی سیر

سوا نو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور "Peace Village" کی بشیر سٹریٹ پر پیدل سیر کے لئے تشریف لے گئے۔ پیس ویلج کی دوسری گلیوں اور راستوں کی طرح بشیر سٹریٹ کے مکینوں نے بھی اپنے اپنے گھروں کو رنگ برنگی روشنیوں سے سجایا ہوا ہے۔ ہر گھر ایک دوسرے سے بڑھ کر خوبصورت معلوم ہوتا ہے، حضور انور کو دیکھتے ہی مرد، عورتیں اور بچے سبھی اپنے گھروں سے باہر آ گئے، ہر ایک خوشی ومسرت سے معمور تھا۔ ہر طرف سے اھلاً وسھلاً ومرحبا اور السلام علیکم حضور! کی آوازیں بلند ہو رہی تھیں اور ہر گھر کے سامنے کھڑی فیملیز اپنے کیمروں سے حضور انور کی تصاویر بنا رہی تھیں۔ آج جس طرح ان کے گھر روشن تھے ان کے دل بھی روشن تھے۔ اپنے محبوب آقا کو اپنے درمیان، اپنے گلی کوچوں میں چلتا ہوا دیکھ کر ان لوگوں کے نصیب جاگ اٹھے تھے۔

پندرہ منٹ کی اس سیر کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت میں تشریف لا کر مغرب و عشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

احمدیہ پیس ویلج کا سارا ماحول ہی بڑا روح پرور ہے۔ یہ ایام بہت ہی مبارک اور برکتوں اور اللہ کے فضلوں کے حصول کے دن ہیں۔ اس امن کی بستی کا ہر مکین ہر مرد، عورت، بچہ، بوڑھا ان برکتوں سے فیضیاب ہو رہا ہے۔ پیاسوں کی پیاس بجھ رہی ہے۔

(باقی صفحہ 5 پر)

مکرم خالد احمد صاحب

کرکٹ اور میڈیا

کرکٹ کی تاریخ

کہتے ہیں ویسے تو یہ کھیل تیرہویں صدی سے کھیلا جا رہا ہے لیکن باقاعدہ کرکٹ انگلستان سے شروع ہوئی اور 1711ء میں پہلی بار کرکٹ کا کھیل انگلستان میں کھیلا گیا۔

انگلش لوگوں نے گرمیوں کی چھٹیوں میں وقت گزارنے کے لئے یہ کھیل گرمیوں میں کھیلنا شروع کیا۔ دراصل کرکٹ انگلستان کے لارڈوں کا گرمیوں میں وقت گزارنے کے لئے کھیلا جانے والا کھیل تھا۔

1735ء میں پہلا کرکٹ کلب وجود میں آیا۔

1774ء میں کرکٹ کے بعض ابتدائی قوانین بنائے گئے۔ پہلا باقاعدہ ٹیسٹ میچ آسٹریلیا اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان 77-1876ء میں میلبورن آسٹریلیا میں کھیلا گیا۔

1884ء میں کرکٹ میں چوکے کا قانون اور 1910ء میں چھکے کا قانون بنایا گیا۔ 1971ء میں کرکٹ میں جدت آئی اور ٹیسٹ کرکٹ کی طویل گیم سے ہٹ کر ون ڈے کرکٹ کا آغاز ہوا جو بہت ہی کامیاب رہا۔

1975ء میں پہلا کرکٹ ورلڈ کپ منعقد ہوا اور یہ انگلینڈ میں کھیلا گیا اور ویسٹ انڈیز کرکٹ ٹیم فاتح ہوئی۔

کرکٹ میں میڈیا کا کردار

کسی بھی قسم کا کھیل ہو کامیابی کے لئے میڈیا کی مدد ضروری ہو جاتی ہے۔ اگر کسی بھی کھیل کو ورلڈ وائیڈ مقبول بنانا ہے تو میڈیا کے بغیر یہ ممکن نہیں ہے۔

کرکٹ اور میڈیا کا ہمیشہ چولی دامن کا ساتھ رہا ہے۔ میں یہاں صرف الیکٹرانک میڈیا کی بات کروں گا۔

1938ء میں کرکٹ کی پہلی بار ویڈیو تصاویر بی بی سی نے دکھائیں اور یہ میچ انگلینڈ میں لارڈز کے مقام پر کھیلا گیا۔

1950ء سے 1970ء تک کافی زیادہ میچز ٹیلی ویژن پر دکھائے جانے لگے۔ کیونکہ اس وقت صرف ٹیسٹ کرکٹ ہی ہوتی تھی اور یہ ایک طویل اور تھکا دینے والا کھیل تھا اس لئے لوگوں کی توجہ اس طرف کم ہوتی تھی اور الیکٹرانک میڈیا بھی اتنا ترقی یافتہ نہیں ہوتا تھا۔ اس لئے ٹی وی کوریج نہایت ہی خستہ ہوتی تھی۔

1971ء میں ون ڈے کرکٹ متعارف ہوئی تو ٹیلی ویژن میں کچھ بہتری آئی۔ 1975ء کے ورلڈ کپ میں تین کیمروں کی بجائے پانچ کیمرے فی میچ کور کرنے لگے لیکن کوئی خاص تبدیلی نہیں آئی۔ لیکن کرکٹ ترقی کی منازل کی طرف بڑی تیزی سے گامزن تھی۔

الیکٹرانک میڈیا کا ابتدائی انقلاب

کرکٹ میں انقلاب اس وقت آیا جب ایک کروڑ پتی آسٹریلوی کیری پیکر نے 79-1978ء میں آسٹریلیا میں ورلڈ سیریز کے نام سے ایک کرکٹ سیریز منعقد کروائی جس میں دنیا بھر کے بڑے بڑے کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ کیری پیکر کے ذاتی ٹی وی چینل Channel Nine نے ان میچز کی ڈیجیٹل کیمروں سے کوریج کی اور پہلے سے کہیں بہتر اور واضح ٹیلی ویژن کے رنگ کو دنیا میں لوگوں نے خوب پسند کیا۔

اس ورلڈ سیریز نے کرکٹ میں ایک اور تبدیلی یہ پیدا کی کہ سفید یونیفارم کی جگہ نیشنل کلرز اور نائٹ کرکٹ کا بھی آغاز ہوا۔

الیکٹرانک میڈیا کی ترقی کی منازل

1992ء کے کرکٹ ورلڈ کپ کو جدید کرکٹ کی ابتداء بھی کہا جاتا ہے۔ اس ورلڈ کپ میں کرکٹ کی جدید شکل نظر آتی ہے۔ اس میں ٹیلیویژن کوریج بہت بہتر ہوئی۔ کیمروں کی تعداد بڑھ کر گیارہ ہوگئی اور سکور کارڈ ڈسپلے میں بھی کافی بہتری آئی۔

90ء کی دہائی میں کیونکہ پوری دنیا میں الیکٹرانک میڈیا نے دن دگنی رات چوگنی ترقی کی تو اس کا فائدہ کرکٹ کو بھی ملا۔

کرکٹ میں بے پناہ پیسہ

جب بہت زیادہ ٹیلیویژن چینلز کا آغاز ہونے لگا تو میچز دکھانے کی کوششیں بھی تیز ہونا شروع ہوگئیں۔

کیونکہ کرکٹ ایک مقبول کھیل بنتا جا رہا ہے اور بہت سی ملٹی نیشنل کمپنیاں کرکٹ ہی کی وجہ سے اپنے اشتہار دکھانے میں دلچسپی رکھتی ہیں۔ اسی وجہ سے کرکٹ دکھانے کے لئے چینلز بھی حقوق حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر 2003ء میں PCB نے پانچ سال کے دوران پاکستان میں ہونے والے کرکٹ میچز کے حقوق ARY اور TEN SPORTS کو 400 کروڑ روپے میں فروخت کئے۔

2006ء میں BCCI نے بھارت میں اگلے چار سالوں میں ہونے والے میچز کے حقوق 61 کروڑ 20 لاکھ ڈالر تقریباً 3700 کروڑ روپے میں Nimbus Sports کو فروخت کئے۔

2006ء میں ہی BCCI نے بھارت کی طرف سے نیوٹرل مقامات پر کھیلے جانے والے میچز کے پانچ سالہ حقوق 219.5 ملین ڈالرز میں ZEE Sports کو فروخت کئے۔ اسی طرح انگلینڈ میں Sky Sports، آسٹریلیا میں Channel Nine، ساؤتھ افریقہ میں SABC اور Super Sports، نیوزی لینڈ میں Sky Sports NZ کافی ضخیم رقم دے کر میچز دکھاتے ہیں اور یہ ٹیلی ویژن چینلز کافی منافع بھی کماتے ہیں۔ اس بات کا اندازہ آپ اس بات سے لگا سکتے ہیں کہ 2003ء کے کرکٹ ورلڈ کپ کے دوران Right Holder چینل Sony Max پر تیس سیکنڈز تک دکھائے جانے والے Ads کی قیمت 5 لاکھ روپے تھی۔

2006ء میں ESPN Star گروپ نے 2015ء تک آئی سی سی ICC کے تمام بڑے کرکٹ ایونٹس کے حقوق 1.2 بلین ڈالرز میں خریدے۔

ZEE گروپ نے بھارت میں ایک کرکٹ لیگ ICL شروع کرنے کا پروگرام بنایا ہے جس پر ایک بلین بھارتی روپوں سے بھی زیادہ رقم خرچ کی جائے گی۔ آجکل مختلف ممالک میں ہونے والے ڈومیسٹک کی سطح کے کرکٹ میچز کو بھی براہ راست ٹی وی پر دکھایا جاتا ہے جس کی وجہ سے ڈومیسٹک لیول کے کھلاڑیوں کو بھرپور فائدہ ملتا ہے۔

آجکل کرکٹ کا کھیل ایک بزنس کی حیثیت اختیار کر گیا ہے جس میں پیسہ انویسٹ کرنا اور پھر بھاری منافع کمانا مقصد بنتا جا رہا ہے۔

کرکٹ اور ٹیکنالوجی

ہر ٹی وی چینل کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ اس کے ناظرین کی تعداد زیادہ سے زیادہ ہو۔ چنانچہ اس مقصد کے حصول کے لئے مختلف نئی چیزیں متعارف کرائی جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر باؤلر کی سپیڈ دکھانا۔ سکورنگ Display چارٹ کو کافی پرکشش طریقہ سے دکھانا شامل ہے۔ 2004ء میں Sky Sports نے پہلی بار کرکٹ میں Ultra High Motion کیمرہ متعارف کرایا جو ایک پکچر کو تین ہزار فریمز کی صورت میں دکھا سکتا ہے۔ اس کی مدد سے کافی دلکش Action Replays دیکھنے کو ملتے ہیں۔

اسی طرح ماضی کی کرکٹ میں اعداد و شمار (Statistics) پر کوئی خاص توجہ نہیں دی جاتی تھی لیکن آجکل ہر چھوٹی سے چھوٹی چیز کو اعداد و شمار کی شکل میں دکھایا جاتا ہے۔

Hawk Eye کی مدد سے ہر اچھی اور بری گیند کی نشاندہی ہو جاتی ہے۔ Stump Cams کی مدد سے ایکشن کو بہت نزدیک سے دیکھا جا سکتا ہے۔ Pitch رپورٹس اور Presentation Ceremonies بھی اسی ٹیکنالوجی کا حصہ ہیں۔ Ariel View بھی میچ دیکھنے کے مزہ کو دوبالا کر دیتا ہے۔ ایمپائر کی چھوٹی سے چھوٹی غلطی بھی بآسانی پکڑی جاتی ہے۔ گراؤنڈز میں دیوقامت Replay Screens کا نصب کیا جانا بھی اسی ٹیکنالوجی کی ایک شاخ ہے۔

یہ طویل سفر جو صرف دو کیمروں سے شروع ہوا تھا اب بہت سے خوبصورت اضافوں کے ساتھ تقریباً 32 کیمروں تک ترقی کر گیا ہے اور مستقبل قریب میں ٹی وی کوریج میں بے پناہ ناقابل یقین تبدیلیاں ہوتی رہیں گی۔

(بقیہ صفحہ 4)

آنکھیں پیارے آقا کے دیدار سے سیراب ہو رہی ہیں۔ دل تسکین پا رہے ہیں اور ایمان بڑھ رہے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جب بھی اپنی رہائش گاہ سے اپنے دفتر یا نمازوں کی ادائیگی کے لئے یا کسی پروگرام کے لئے باہر جانے کے لئے تشریف لاتے ہیں یا واپس آتے ہیں تو ہر اس راستہ پر جہاں سے حضور انور نے گزرنا ہوتا ہے۔ خواتین اور بچیوں اور بچوں کا ایک ہجوم جمع ہوتا ہے۔ حضور انور کے مبارک چہرہ پر نظر پڑتے ہی ان کے ہاتھ بلند ہو جاتے ہیں۔ ''حضور! السلام علیکم'' کی آوازوں کا ایک تلاطم برپا ہو جاتا ہے۔ ایک ایک قدم پر سینکڑوں کیمرے چل رہے ہوتے ہیں اور ان چند گھڑیوں میں ہی ہزاروں تصاویر بن جاتی ہیں۔ جو ان مکینوں کے لئے اور ان کی آئندہ نسلوں کے لئے ایک انمول خزانہ ہیں۔ ان کے گھروں کی بھی زینت ہیں اور دلوں کی بھی زینت ہیں۔ یوں لگتا ہے کہ یہ لوگ اپنے گھروں کو بھول گئے ہیں اور سارا سارا دن ان راہوں پر کھڑے گزار دیتے ہیں۔ جہاں سے کسی وقت میں ان کے دل و جان سے پیارے آقا اور ان کے محبوب امام کا گزر ہونا ہے۔

اللہ یہ سعادتیں ان کے لئے مبارک کرے اور انہیں دائمی برکتوں کا موجب بنادے۔ آمین

حضرت سلیط بن عمرو العامریؓ

آپؓ حضرت سہیل اور سکرانؓ کے بھائی تھے۔ آپؓ مہاجرین حبشہ میں شامل تھے۔ آپ کو دونوں ہجرتوں میں شامل ہونے کی سعادت نصیب ہوئی۔ آپؓ غزوۂ بدر میں بھی شامل تھے۔ 6ھ یا 7ھ کو رسول اکرمؐ نے آپؓ کو رؤسائے یمامہ کی طرف بھیجا۔ آپؓ 14ھ میں یمامہ ہی میں شہید ہوئے۔

تعارف کتب

محبت کے امر دیپ

مکتوبات حضرت خلیفۃ المسیح الرابع پر مشتمل ایک کتاب

نام کتاب: محبت کے امر دیپ
مکتوبات حضرت خلیفۃ المسیح الرابع
نام مؤلف: مکرم مبارک احمد صاحب کھوکھر لاہور
ناشر:۔سن رائز پیکجز لاہور
صفحات: 183

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے کہ اس کتاب میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے مولف کتاب ہذا اوران کی اہلیہ کے نام جو خطوط تحریر فرمائے۔ان کو ایک ایسی ترتیب سے پیش کیا گیا ہے کہ حقیقت میں محبت کے دیپ جل اٹھتے ہیں۔ بعض لوگ دنیا میں خدا کی رحمت کے زیر اثر اپنے اردگرد بسنے والوں کو اتنی محبتیں بانٹتے ہیں کہ ان کی جدائی الم بن جاتی ہے۔حضرت خلیفۃ المسیح الرابع بھی مجسم محبت تھے۔آپ نے اس قدر محبتیں بانٹیں کہ آج بھی دنیا کے کونوں میں بسنے والے ہزاروں نہیں لاکھوں ایسے لوگ ہوں گے کہ ان کے سامنے آپ کے بابرکت وجود کا ذکر آئے تو آنکھیں ضرور نم ہوتی ہوں گی۔

خطوط لکھنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا ایک محبوب مشغلہ تھا۔فرماتے ہیں۔

’’مجھے بچپن سے ہی خطوط سے پیار ہے اور فرصت کے زمانے میں یعنی کالج کی تعلیم تک مجھے مافی الضمیر کے اظہار کا سب سے بہتر ذریعہ خط لگتے تھے۔‘‘(صفحہ 29) پھر فرماتے ہیں۔

خط لکھ کر تسکین ملتی ہے دل کے دباؤ ذرا ہلکے ہو جاتے ہیں...... یہ میرا علاج ہے اور کام کے دباؤ سے کچھ دیر کے لئے بچنے کی ایک پناہ گاہ سی ہے۔(صفحہ 44) گویا ایک مصروفیت دوسری مصروفیت کی تھکاوٹ دور کرتی تھی۔اتنے عظیم کام کرنے والوں کا مزاج ایسا ہی ہوتا ہے کہ کام سے آرام بھی کام سے آ رہا ہے۔اگر ایسا نہ ہوتا تو یہ عظیم ذمہ داریاں کس طرح نبھائی جاسکتی ہیں۔

مؤلف نے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے خطوط مختلف عنوانات کے تحت درج کر کے ان خطوط کے حسن میں مزید کشش پیدا کر دی ہے۔ان خطوط سے حضور کی سیرت کے بھی کئی پہلو نمایاں ہو کر سامنے آ جاتے ہیں۔مولف نے حضور کے خطوط کے علاوہ بعض واقعات و حالات خود بھی تحریر کئے ہیں جن میں بعض یادگار سفروں کے حالات،ان کے سامنے حضور کی تائید ونصرت الٰہی کے ہونے والے واقعات،قبولیت دعا کے بعض اعجاز،حضور کی مسیحائی،کھیلوں سے رغبت اور بچوں سے محبت و پیار کے دلچسپ انداز کو بیان کیا گیا اور ساتھ ساتھ حضور کے تحریر فرمودہ خطوط بھی درج کئے گئے۔ جوان تصویروں میں حقیقت کا رنگ بھر دیتے ہیں۔

اس کتاب میں 12 عدد نایاب و خوبصورت تصاویر بھی شائع کی گئی ہیں جو کتاب کے حسن کو چار چاند لگا رہی ہیں۔

ان خطوط سے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی سیرت کے کئی پہلو کھل کر سامنے آ جاتے ہیں۔مثلاً آپ کی عاجزی وانکساری،تھکا دینے والے جماعتی کاموں میں آرام وسکون پانے والا نفس مطمئنہ وجود،اعلیٰ ذوق،عشق الٰہی،پابندی نماز،ہمدردی مخلوق خدا،دعاؤں پر یقین، سیاسی بصیرت،خلافت سے اخلاص و وفا کا تعلق،خدا پر ایمان وتوکل،نصیحت میں ایسی بے ساختگی کہ ہر سننے والا متاثر ہو اور ساتھیوں سے اعتماد و محبت کا سلوک ان خطوط سے ظاہر ہو رہے ہیں۔نیز ان خطوط میں آپ کے قلم سے نکلنے والا ادب کا وہ سمندر موجزن ہے جو اپنی مثال آپ ہے۔ عبارت ایسی مستقیم ہے کہ ذرہ بھر بھی مضمون سے نہیں ہٹتی۔محاورات و تمثیلات کا ایسا بیان ہے کہ ہر عبارت و ہر فقرہ شاہکار ہے تحریر میں تسلسل اور خوبصورتی ایسی سلیس ہے کہ ہر قاری کو ساتھ ساتھ وہاں لے جاتی ہے کہ جہاں کا ذکر ہو رہا ہے۔ حضور عمدہ مزاح بھی فرماتے تھے لیکن مزاح میں شگفتگی اور لطافت ہوتی تھی طنز اور چبھن نہیں ہوتی تھی۔

ان خطوط کے ذریعے بھی آپ تربیت کا زبردست کام کرتے رہے۔خدمت دین،خدمت انسانیت،نمازوں اور تلاوت میں پابندی،خلافت سے اطاعت کا تعلق،دینی کتب کے مطالعہ اور خدا سے زندہ تعلق دعاؤں کے ذریعہ قائم کرنے کی ایسی پُر اثر نصائح فرماتے رہے کہ یہ کتاب اور بھی بہت سارے لوگوں کے لئے ہدایت کا موجب ہوسکتی ہے۔

آپ کی کتب و مضامین کی تحریر اس قدر پُر اثر ہوتی تھیں کہ اپنے تو کیا غیر بھی متاثر ہوتے تھے۔اس قدر اثر کیونکر پیدا ہوتا ہے۔آپ خود تحریر فرماتے ہیں۔ فصاحت و بلاغت کس کو کہتے ہیں؟......سچائی کو......(صفحہ 141) گویا آپ کی تحریر و تقریر میں اس قدر اثر آپ کی سچائی کی وجہ سے تھا۔کسی کو نصیحت کی تو سچے جذبہ سے،خدمت کی تو سچی ہمدردی سے،بیماری میں دوا دی تو سچے درد سے،کسی کو دعا دی تو سچی تڑپ سے اور خدا کی عبادت کی تو سچے خلوص سے۔یہی سچائی آپ کی سیرت کا سب سے بڑا اور نمایاں پہلو تھا۔جس کی وجہ سے خطوط میں بھی،تقریر میں بھی اور تحریر میں بھی ایسی کشش ہے کہ ہر کوئی اس کا گرویدہ ہے۔

اسی کتاب کے صفحہ 112 سے 124 تک چند ایسے خطوط درج ہیں جو آپ نے انتخاب خلافت رابعہ سے کچھ عرصہ قبل لکھے۔جن میں چند خوابوں کا ذکر فرمایا اور بار بار دعاؤں کی طرف بہت توجہ دلائی۔

